PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی نے تمام ملازمین کی ویکسینیشن کا آغاز کر دیا

لاہور،23 جون 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈیوٹی آف کیئر پالیسی کے تحت اپنے تمام ملازمین کی کوویڈ19 ویکسینیشن کا آغاز کردیا ہے۔ ویکسینیشن کا یہ عمل یکم جولائی تک مکمل کرلیا جائے گا۔

پہلے مرحلے میں لاہور سے تعلق رکھنے والے پی سی بی کے ملازمین کی ویکسینیشن آج بروز بدھ کو ایک مقامی ہسپتال میں کی گئی۔ دیگر شہروں سے تعلق رکھنے والے ملازمین کی ویکسینیشن بھی رواں ماہ کے اختتام تک مکمل کرلی جائے گی۔

اس سے قبل مئی میں پاکستان کرکٹ بورڈ دنیا کا وہ واحد کرکٹ بورڈ بنا تھا کہ جس نے سب سے پہلے اپنی قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کی ویکسینیشن کروائی تھی۔ اس اقدام میں نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) نے پی سی بی کے ساتھ بھرپور تعاون کیا تھا۔

سلمان نصیر، چیف آپریٹنگ آفیسر:

چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ عالمی وباء کے باوجود پی سی بی کے تمام ملازمین نے بھرپور انداز سے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھائیں، جو کرکٹ سیزن برائے 21-2020 کی کامیابی کا سبب بنا۔ انہیں خوشی ہے کہ پی سی بی نے اپنی قومی مینز کرکٹ ٹیم اور خواتین کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں اور ان ٹیموں کے اسپورٹ اسٹاف ارکان کے بعد اب اپنے ملازمین کی کوویڈ19

ویکسینیشن مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

سلمان نصیر نے کہا کہ اس عمل کے ذریعے ہم اپنے تمام ملازمین کو دفاتر میں مکمل حاضری سے قبل ایک محفوظ ماحول فراہم کرنا چاہتے ہیں تاہم اس دوران وہ مقررہ پروٹوکولز پر عملدرآمد کرتے رہیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications